© rasailojaraid.com



دل ربا ادائیں'' اس سلسلے کی پانچویں اشاعت ہے۔ مولانا حقانی نے ''شمائل ترمذی'' کی سہل و دل نشین تشریح اکابر علماء دیو بند کے طرز پر تحریر کی ہے۔ تفصیلی درسی شرح، لغوی تحقیق اور مستند حوالہ جات، روایت حدیث کا مستند تذکرہ اور متنازعہ مسائل پر تحقیق اس کتاب کی اہم خصوصیات ہیں۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا خوشبو استعمال فرمانا، سراپائے معطر، پسینہ مبارک سے خوشبو، اندازِ بیاں، گفتگو اور خطاب، بشاشت و تبسم، خوش طبعی و دل لگی، لطائف و ظرائف، ذوقِ شعر و ادب اور دیگر عنوانات پر ایمان افروز واقعات اس کتاب میں شامل ہیں۔ نیز ''شمائل ترمذی'' کی چھتیس احادیث کی عالمانہ و محققانہ تشریح و توضیح کی گئی ہے۔

● **صلوٰۃ وسلام**　　مرتب: ع،م چودھری

ضخامت: ۱۹۲ صفحات　　قیمت: ۱۷۵ روپے

ارشادِ باری تعالیٰ ہے: بے شک اللہ اور اُس کے فرشتے نبی پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں۔ مومنو! تم بھی اُن پر صلوٰۃ اور سلام بھیجا کرو۔ (الاحزاب: ۵۶)

اللہ تعالیٰ نے تمام ایمان والوں کو یہ حکم فرمایا ہے۔ یعنی اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام بھیجنے سے ہی ایمان قبول ہوگا۔ ہر مسلمان کا ایمان ہے کہ قرآن ضابطۂ اخلاق، دستور اور کتابِ ہدایت ہے۔ حدیث اس کی تشریح ہے اور سنت اس کا عملی نمونہ یعنی اسوۂ حسنہ ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کامل ایمان والوں کی جماعت ہے جنھیں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت و رفاقت اور محبت و اطاعت کے نمونۂ کامل کے طور پر چن لیا تھا۔ اسلام و ایمان کے حصول کے اصلی اور حقیقی ذرائع یہی ہیں۔ باقی جو شخص بھی اتباعِ سنت میں جتنا کامل ہوتا چلا جائے گا اتنا ہی بارگاہِ الٰہی میں مقبول ہوگا۔

حضرت کعب ابن عجرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا: یارسول اللہ! ہمیں آپ پر سلام عرض کرنے کا طریقہ تو معلوم ہوگیا (السلام علیک ایہا النبی) آپ پر صلوٰۃ کیسے بھیجی جائے؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پڑھو...... اور پھر درودِ ابراہیمی تعلیم فرمایا۔ یہی درود نماز میں پڑھنے کا حکم ہے اور یہ سب سے افضل درود ہے۔ رواۃِ حدیث میں کئی درود منقول ہیں جنھیں پڑھنا ثواب اور آخرت میں نجات کا ذریعہ ہے۔ بہت سے بزرگوں نے بھی اپنی اپنی زبان اور انداز میں درود پڑھے ہیں یقیناً وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کا اظہار ہے لیکن جو اہمیت خود صاحبِ درود علیہ التحیۃ والتسلیم کے فرمان اور زبان مبارک کی ہے وہ کسی دوسرے کی نہیں ہوسکتی ہے۔ کتاب پانچ ابواب میں تقسیم ہے:

جواہراتِ درود شریف، روایاتِ درود شریف، حکایاتِ درود شریف، برکاتِ درود شریف انعاماتِ درود شریف۔

مرتب کتاب یقیناً سچے مسلمان ہیں اور حضور نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کے جذبے سے بھی سرشار ہیں مگر اس موضوع پر اُن کا مطالعہ محدود ہے۔ اُن کی یہ بات محلِ نظر ہے کہ ''قرآن میں درود کا مطلق حکم ہے۔ کسی زبان، اٹھنے



© rasailojaraid.com